## مسلم لیگ ق کے سربراہ چوہدری شجاعت حسین اوروزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویزالٰہی سے الطاف حسین کی ٹیلیفون پربات چیت

## ملک کواس بحرانی کیفیت سے نکالنے کیلئے حکومت میں شامل تمام حلیف جماعتوں کواپنے اتحادواتفاق کے ذریعے مشترکہ جدوجہد کرنی چاہیے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔7 نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے موجودہ حکومت میں شامل سب سے بڑی جماعت مسلم لیگ ق کے صدر چوہدری شجاعت حسین اوروزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویزالٰہی سے لندن سے ٹیلیفون کرکے تفصیلی بات چیت کی۔اس دوران جناب الطاف حسین نے کہاکہ ملک جس بحرانی کیفیت سے گزررہاہے اس میں حکومت میں شامل تمام حلیف جماعتوں کوخلوص دل کے ساتھ اپنے اتحادواتفاق کے ذریعے ملک کواس بحرانی کیفیت سے نکالنے کیلئے مشترکہ جدوجہدکرنی چاہیے اورآئندہ کیلئے مشترکہ لائحہ عمل اختیارکرناچاہیے۔انہوں نے مزیدکہاکہ آنے والے انتخابات کے سلسلے میں بات چیت کیلئے دونوں طرفین کی مذاکراتی کمیٹیوں کی تشکیل کی بھی فوری ضرورت ہے۔چوہدری شجاعت حسین نے جناب الطاف حسین کے جذبات کوسراہااورکہاکہ ہم کل بھی ساتھ تھے،آج بھی ساتھ ہیں اورانشاءاللہ آئندہ بھی اتحادواتفاق کامظاہرہ کرتے ہوئے ساتھ ہی چلتے رہیں گے۔

## ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹرکے کارکن محمدجعفرعلی کے انتقال پرالطاف حسین کااظہارتعزیت

لندن۔۔۔7،نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر یونٹ B-140 کے کارکن محمد جعفرعلی کے انتقال پرگہرے دکھ اورافسوس کااظہارکیاہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کااظہارکرتے ہوئے انہیں صبرکی تلقین کی۔جناب الطاف حسین نے کہاکہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان سوگواران کے غم میں برابرکے شریک ہیں۔انہوں نے دعاکی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کواپنی جواررحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کویہ صدمہ برداشت کرنے کاحوصلہ دے۔(آمین)

## لیاری کو60لاکھ گیلن یومیہ اضافی پانی کی فراہمی کامنصوبہ کراچی کی سٹی گورنمنٹ کی حق پرست قیادت کی بلاامتیازخدمت کاایک اورمثالی کارنامہ ہے۔رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔7،نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے لیاری کیلئے 60لاکھ گیلن یومیہ اضافی پانی کی فراہمی کے منصوبے کے افتتاح پرسٹی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال اورسٹی گورنمنٹ کی حق پرست قیادت کوزبردست خراج تحسین پیش کیاہے۔اپنے بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہاکہ پانی لیاری کے علاقے کابنیادی مسئلہ ہے جسے لیاری سے کامیاب ہونے والوں نے گزشتہ 60برسوں سے حل نہیں کیااورلیاری کے عوام آج تک پانی جیسی بنیادی سہولت سے محروم تھے،سٹی گورنمنٹ کی حق پرست قیادت نے رات دن کی محنت اورکوششوں کے بعدلیاری کیلئے 60لاکھ گیلن یومیہ اضافی پانی کی فراہمی کے منصوبے کومکمل کیااورلیاری کی تاریخ میں پہلی مرتبہ لیاری کوبراہ راست لائن کے ذریعے لاکھوں گیلن اضافی پانی یومیہ بنیادوں پرفراہم کیاجارہاہے۔رابطہ کمیٹی نے کہاکہ لیاری کو60لاکھ گیلن یومیہ اضافی پانی کی فراہمی کامنصوبہ سٹی گورنمنٹ کی حق پرست قیادت کی بلاامتیازخدمت کاایک اورمثالی کارنامہ ہے جس پرسٹی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال اورسٹی گورنمنٹ کی پوری حق پرست قیادت زبردست مبارکباداورخراج تحسین کی مستحق ہے۔رابطہ کمیٹی نے 60لاکھ گیلن یومیہ اضافی پانی کی فراہمی کے منصوبے کی تکمیل پرلیاری ٹاؤن کے تمام یوسی ناظمین،نائب یوسی ناظمین،کونسلروں اورخصوصاًلیاری کے عوام کودل کی گہرائی سے زبردست مبارکبادپیش کی اورانہیں یقین دلایاکہ حق پرست قیادت قائدتحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات پرعمل کرتے ہوئے ہرقسم کے امتیازسے بالاترہوکرشہریوں کی بے لوث خدمت جاری رکھے گی۔

## ایم کیوایم پاکستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے، طارق جاوید
## برطانیہ سمیت دنیا بھر میں مقیم ایم کیوایم کے کارکنان کا فرض ہے کہ وہ حالات پر گہری نظر رکھیں
## ایم کیوایم برمنگھم یونٹ کے کارکنان کے اجلاس سے ڈاکٹر سلیم دانش اور عظمت بیگ کا خطاب

لندن۔۔۔7،نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے سینئر ڈپٹی کنوینز طارق جاوید نے کہا ہے کہ ایم کیوایم پاکستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اور برطانیہ سمیت دنیا بھر میں مقیم ایم کیوایم کے کارکنان کا فرض ہے کہ وہ حالات پر گہری نظر رکھیں اور حالات کے پیش نظر اپنی ذمہ داریوں کومحسوس کرتے ہوئے تحریک کے پیغام کے فروغ کیلئے اپنا ہرممکن کردارادا کریں۔ یہ بات انہوں نے برمنگھم میں ایم کیوایم برمنگھم یونٹ کی تنظیم نو کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس سے ایم کیوایم یوکے کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش، جوائنٹ آرگنائزر عظمت بیگ اور رکن آرگنائزنگ کمیٹی سہیل خانزادہ نے خطاب کیا۔قبل ازیں برمنگھم یونٹ کی ورکنگ کمیٹی کے ارکان کا اعلان کیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے طارق جاوید نے اے پی ایم ایس اور ایم کیوایم کی جدوجہد کے دوران تحریک کو پیش آنے والے مصائب ومشکلات کی تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ دنیا کی کوئی بھی تحریک مسلسل جدوجہد اور قربانی کے بغیر کامیاب نہیں ہوسکتی۔انہوں نے کہا کہ تحریکی کارکنان پر لازم ہے کہ وہ اپنی چال ڈھال،نشست وبرخاست اور انداز گفتگو کو تنظیمی تقاضوں کے مطابق ڈھالیں،شائستگی سے گفتگو کریں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ کے فروغ کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں۔انہوں نے تمام کارکنان پر زور دیا کہ وہ حالات پر گہری نظر رکھیں اور تنظیمی بیانات کا بغور مطالعہ کریں۔قبل ازیں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم یوکے کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش نے کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد آنے والی نسلوں کے بہتر مستقبل کیلئے ہے اور ایم کیوایم چاہتی ہے کہ ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کو ان کے جائز حقوق میسر آسکیں۔اجلاس سے ایم کیوایم یوکے یونٹ کے جوائنٹ آرگنائزر عظمت بیگ نے بھی خطاب کیا۔

## ایم کیوایم برمنگھم یونٹ کی سات رکنی ورکنگ کمیٹی کے ارکان کے ناموں کا اعلان

لندن۔۔۔7،نومبر 2007ء

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم برمنگھم یونٹ کی سات رکنی ورکنگ کمیٹی کے ارکان کے ناموں کا اعلان کردیا۔ یہ اعلان گزشتہ روز ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے سینئر ڈپٹی کنوینز طارق جاوید نے برمنگھم میں کارکنان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اعلان کے مطابق ایم کیوایم برمنگھم یونٹ کی ورکنگ کمیٹی کے ارکان میں نعمان اسلام، سید ناصر علی، طارق، انیس الرحمان عامر، محمد فصیح الدین، اختر صدیقی اور محمد منظور شامل ہیں۔

## ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر کے کارکن محمد جعفر علی انتقال کرگئے، رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔7،نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ نیوکراچی سیکٹر یونٹ B-140 کے کارکن محمد جعفر علی انتقال کرگئے (اناللہ وانا الیہ راجعون) مرحوم کے سوگواران میں ایک بیٹا اور 2 بہنیں شامل ہیں۔دریں اثناء مرحوم کو نیوکراچی 6 نمبر کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں نیوکراچی ٹاؤن کے حق پرست نگراں ٹاؤن ناظم محمد ذوالفقار، ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے اراکین، نیوکراچی سیکٹر کے ارکان، ایلڈرز ونگ کے اراکین، علاقائی ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔ علاوہ ازیں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے محمد جعفر علی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔

## متحدہ قومی موومنٹ سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے،شاہدلطیف

## لال قلعہ گراؤنڈعزیز آباد میں حق پرست یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین اور کونسلرز کے اجلاس سے خطاب

کراچی ۔۔۔7،نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن شاہدلطیف نے کہاہے کہ متحدہ قومی موومنٹ سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے اورحق پرست منتخب نمائندے عوام کی بلاامتیاز وتفریق عملی خدمت میں مصروف ہیں ۔یہ بات انہوں نے گزشتہ روز لال قلعہ گراؤنڈعزیز آباد میں حق پرست یوسی ناظمین ، نائب یوسی ناظمین،کونسلرزاور بلدیاتی کمیٹیوں کے ارکان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹرنصرت اور کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے۔شاہدلطیف نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ اپنے نمائندوں کوعوام کی بلاامتیاز وتفریق عملی خدمت کا درس دیا ہے اورحق پرست عوامی نمائندگان دکھی انسانیت کی خدمت عبادت سمجھ کرانجام دے رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ حق پرست بلدیاتی قیادت کی شب وروزمحنت کے باعث شہرمیں 300 سے زائدترقیاتی منصوبے مکمل یاتکمیل کے آخری مراحل میں ہیں جس پرناظم اعلیٰ کراچی سید مصطفی کمال،سٹی نائب ناظمہ محترمہ نسرین جلیل اورحق پرست ٹاؤن ، یوسی ناظمین، نائب ناظمین اورکونسلرز زبردست خراج تحسین کے مستحق ہیں۔انہوں نے حق پرست بلدیاتی نمائندوں پرزورد یا کہ وہ اپنے اپنے حلقہ انتخاب میں صحت وصفائی،فراہمی ونکاسی آب کے نظام کی بہتری،شہریوں کوانصاف کی فراہمی اور دیگرعوامی مسائل کےحل کیلئے اپنی کارکردگی کومزید بہتر بنائیں،عوامی سطح پر بھرپور رابطہ رکھیں اورشہریوں کوریلیف فراہم کرنے کیلئے اپنا بھرپور کردارادا کریں۔

## سانگھڑ کے حق پرست کونسلراورایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارتعزیت

کراچی ۔۔۔7،نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سانگھڑ کے حق پرست کونسلر محمد یامین انصاری کی والدہ محترمہ سعیدن بیگم،ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 124 کے کارکن اشفاق احمد کے بھائی احتشام الحق،ایم کیوایم سانگھڑزون یوسی کھائی کے کارکن محمد رفیق کی والدہ محترمہ جمیلہ اورایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 90 کے کارکن ندیم رضا کے والدمحمد کمال کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہارکیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

☆☆☆☆☆